فوری ریلیز کے لیے: 22/8/2022 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کا COVID-19 کی عالمی وباء سے متاثر ہونے والے منشیات کے عادی افراد کے خدمات فراہم کنندگان کے لیے 20$ ملین کا اعلان

خدمات فراہم کنندگان کو مارچ 2021 سے کیے گئے COVID سے متعلقہ اخراجات کو پورا کرنے میں مدد کے لیے فنڈنگ

مسکن ادویات اور مجوزہ سے زیادہ مقدار میں ان کے استعمال کی وباء کے درمیان منشیات کے عادی افراد کے لیے خدمات کی بھرپور طلب جاری ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ ریاست نیویارک میں منشیات کے عادی افراد کے خدمات فراہم کنندگان کی مدد کے لیے 20$ ملین تک دستیاب ہیں جو COVID-19 کی عالمی وباء کے جاری اثرات سے متاثر ہوئے ہیں۔ نیویارک اسٹیٹ آفس آف ایڈکشن سروسز اینڈ سپورٹس کے زیرِ انتظام، وفاقی فنڈنگ فراہم کنندگان کو مالی بحالی میں مدد فراہم کرے گی اور انہیں COVID سے محفوظ نشہ آور مواد کے استعمال کی بیماری کی روک تھام، علاج، نقصان میں کمی، اور بحالی کی خدمات کی پیشکش جاری رکھنے کے قابل بنائے گی۔

گورنر Hochul نے کہا، "نیویارک کے مکین روز مرہ زندگی کے تمام پہلوؤں بشمول نشے کے علاج میں COVID-19 کی عالمی وباء کے اثرات کو محسوس کرنا جاری رکھے ہوئے ہیں۔ نیویارک کے بہت سے مکینوں کی طرح، میرا خاندان بھی ایک عزیز سے محروم ہوا ہے جو نشے کی لت میں پڑا ہوا تھا، اور یہ فنڈنگ علاج فراہم کرنے والوں کو ان کے اہم کام کو جاری رکھنے میں مدد کرنے میں لازمی ہو گی۔ میری انتظامیہ فراہم کنندگان کی مدد کرنا جاری رکھے گی تاکہ وہ نیویارک کے اُن مکینوں کی مدد کریں جنہیں اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے"۔

نیو یارک اسٹیٹ آفس آف ایڈکشن سروسز اینڈ سپورٹس کی کمشنر Chinazo Cunningham نے کہا، "ہمارے خدمات فراہم کنندگان نے، COVID-19 سے پیدا ہونے والی متعدد رکاوٹوں کے باوجود، وہ کھلے اور فعال رہ کر بہادری سے کام کیا ہے۔ یہ فنڈنگ ہمارے نظام کو مستحکم کرنے میں مدد دے گی اور ہمارے خدمات فراہم کنندگان کو نیویارک کے کچھ کمزور ترین لوگوں کے لیے جان بچانے کی دیکھ بھال اور خدمات فراہم کرنا جاری رکھنے کے قابل بنائے گی"۔

منشیات کے عادی افراد کو خدمات فراہم کرنے والے بہت سے اداروں کو عالمی وباء کے دوران اہم مالی تناؤ کا سامنا کرنا پڑا کیونکہ انہوں نے صحتِ عامہ کے بحران سے ہونے والی مشکلات کا مقابلہ کیا۔ ان اضافی اخراجات میں ٹیلی ہیلتھ سروسز میں اضافہ، COVID-19 کے حفاظتی طریقہ ہائے کار کو پورا کرنا، اور عالمی وباء سے متعلق افرادی قوت کی دیگر مشکلات شامل ہیں۔

اس کے علاوہ، مسکن ادویات اور ان کے زیادہ مقدار میں استعمال کی جاری وباء ریاست نیویارک میں افراد، خاندانوں اور علاقوں کو متاثر کرنا جاری رکھے ہوئے ہے۔ نتیجہ صحت کا بحران دوہرا ہونے کی صورت میں نکلا ہے جو نشئیوں کی خدمات میں وسائل پر بوجھ ڈال رہا ہے۔

سنہ 2021 کے کورونا وائرس رسپانس اینڈ ریلیف سپلیمینٹل اپروپریشن ایکٹ کے ذریعے منظور کردہ استعمالِ منشیات کے تدارک و علاج کی بلاک گرانٹ ایوارڈ کے ذریعے مالی اعانت فراہم کردہ، یہ پہل کاری نشے کی لت سے متعلق خدمات فراہم کرنے والوں کو عالمی وباء کے سبب روکے گئے پروگراموں کو دوبارہ شروع کرنے اور موجودہ پروگراموں اور خدمات کو برقرار رکھنے یا بڑھانے کا موقع فراہم کرے گی۔ مقصد یہ ہے کہ ان خدمات فراہم کنندگان کو اس قابل بنایا جائے کہ وہ علاج کے خواہش مند افراد کو ملکی سطح پر نگہداشت کی پیشکش جاری رکھیں۔

درخواستیں طلب کرنے کی درخواست دیکھیں۔

گورنر Hochul کی قیادت میں، ریاست نیویارک نے مسکن ادویات کے زیادہ مقدار میں استعمال کی وباء سے نمٹنے کے لیے ایک جارحانہ، کثیر الجہت طریقہ اختیار کیا ہے، اور مکمل روک تھام، علاج، صحت یابی، اور نقصان میں کمی کی خدمات کے ساتھ نشے کی دیکھ بھال کا پورے ملک میں ممتاز تسلسل قائم کیا ہے۔ ریاست نے روایتی خدمات تک رسائی کو وسعت دینے کے لیے کام کیا ہے، بشمول بحرانی خدمات، داخل مریضوں، بیرونی مریضوں، اور رہائشی علاج کے پروگرام، نیز نشے کے علاج کے لیے ادویات، اور موبائل علاج اور نقل و حمل کی خدمات۔

گورنر Hochul ریاست نیویارک کی ہیروئن اور مسکن ادویات کی ٹاسک فورس کی رکن تھیں، جس نے سنہ 2016 میں، نئی، غیر روایتی خدمات کی سفارش کی تھی، بشمول بحالی مراکز، یوتھ کلب ہاؤسز، ہم جماعتوں کی توسیع شدہ خدمات، اور کھلے رسائی کے مراکز، جو فوری تشخیص اور نگہداشت کے ریفرل فراہم کرتے ہیں۔ اس کے بعد سے یہ خدمات ریاست بھر کے متعدد علاقوں میں قائم کی گئی ہیں اور ضرورت مند لوگوں کی اپنے رہائشی مقام کے قریب نگہداشت تک رسائی میں مدد کی گئی ہے۔

سینیٹر Chuck Schumer نے کہا، "نیویارک مسکن ادویات کی لعنت میں سب سے آگے ہے، اور اسی وجہ سے میں نے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے سخت جدوجہد کی ہے کہ COVID سے ریلیف کے وفاقی بلوں میں علاج، روک تھام اور بحالی کی خدمات کو تقویت دینے کے لیے تاریخی اضافہ شامل ہو۔ یہ $20 ملین کا اضافہ منشیات کے عادی افراد کو خدمات فراہم کرنے والوں کو وہ مدد مہیا کرے گا جس کی انہیں زندگیاں بچانے اور اُن علاقوں کی مدد کرنے کے لیے ضرورت ہے جنہیں اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے"۔

نمائندے Paul Tonko نے کہا، "ہم نے اپنے نگہداشتِ صحت کے نظام پر عالمی وباء کے تباہ کن اثرات کو دیکھا ہے، جس میں ہماری قوم کے مسکن ادویات کے استعمال کے جاری بحران کو مزید خراب کرنا بھی شامل ہے۔ اسی لیے میں نے کانگریس میں COVID امدادی پیکج کی فراہمی کے لیے سخت زور دیا جس نے منشیات کے استعمال کے تدارک اور علاج کے بلاک گرانٹ کے وفاقی پروگرام کو مضبوط کر کے اور توسیع دے کر نشے کی بیماری سے نمٹا۔ میں اس کوشش میں کامیاب رہا اور مجھے اپنے COVID رسپانس پیکج کو پاس کرنے کے لیے پچھلے سال اپنا ووٹ ڈالنے پر فخر ہے۔ مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہوئی کہ یہ پیکج ہمارے نیویارک کے علاقوں کو زندگی بچانے والی مدد فراہم کرتا ہے، اور میں ان تمام لوگوں کا شکر گزار ہوں جن کی قیادت اور وکالت اُن لوگوں کو امید فراہم کرنا جاری رکھے ہوئے ہے جنہیں اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے"۔

ریاستی سینیٹر اور سینیٹ کی کمیٹی برائے شراب نوشی و استعمالِ منشیات کے چیئرمین، Pete Harckham نے کہا، " منشیات کے استعمال کی خرابی کا علاج فراہم کرنے والوں، جو اب بھی عالمی وباء کے بعد عملی طور پر دوبارہ اپنے پیروں پر کھڑا ہونے کی کوشش کر رہے ہیں، کے لیے یہ اضافی فنڈنگ اور امداد ریاست بھر میں جانیں بچائے گی۔ گزشتہ کئی برسوں میں نشہ آور ادویات کے زیادہ مقدار میں استعمال میں اضافے کے ساتھ، یہ ضروری ہے کہ ہم علاج، بحالی اور نقصان میں کمی کی خدمات تک رسائی کو وسیع کرنے کے لیے ضروری وسائل کا عہد کریں۔ میں اس سلسلے میں گورنر Hochul کی بھرپور کوششوں کو سراہتا ہوں"۔

رکنِ اسمبلی Phil Steck نے کہا، "کوئی بھی اضافی فنڈنگ جو ہم اپنے علاج فراہم کنندگان کی اپنے مشن کے حصول میں امداد کے لیے حاصل کر سکتے ہیں، ایک خوش آئند خبر ہے۔ COVID-19 نے ہمارے مراکزِ علاج پر تباہی مچا دی ہے کیونکہ ان میں سے بہت سارے رکنیت والے مراکز ہیں۔ اجتماعی مراکز کی سہولیات میں گنجائشیں پیدا کرتے ہوئے، ہماری ٹیلی ہیلتھ سروسز کو بڑھانا اور افرادی قوت کو بڑھانا اور ترغیب دینا، زیادہ سے زیادہ افراد کو منشیات کے استعمال کی بیماری کا علاج کروانے کے قابل بنائے گا"۔

نیویارک کے وہ مکین جنہیں نشے کی لت لگی ہوئی ہے، یا جن کے پیارے اس مصیبت میں گرفتار ہیں، ریاست کی ٹول فری، 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن کی HOPEline پر 1-877-8-HOPENY یعنی (1-877-846-7369) پر کال کر کے یا HOPENY (مختصر کوڈ 467369) پر ٹیکسٹ بھیج کر مدد اور امید حاصل کر سکتے ہیں۔

نشے کا دستیاب علاج بشمول بحران/اثرات کا خاتمہ، داخل مریض، رہائشی، یا بیرونی مریضوں کی دیکھ بھال NYS OASAS علاج کے دستیابی ڈیش بورڈ FindAddictionTreatment.ny.gov پر یا NYS OASAS ویب سائٹ کے ذریعے حاصل کی جا سکتی ہے۔

اگر آپ، یا آپ کے کسی عزیز کو علاج سے متعلق بیمہ کی راہ میں حائل رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا ہے یا انکار کردہ دعوے کے لیے اپیل دائر کرنے میں مدد کی ضرورت ہے، تو CHAMP ہیلپ لائن سے بذریعہ فون 888-614-5400 پر رابطہ کریں یا ombuds@oasas.ny.gov پر ای میل کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418